© rasailojaraid.com

جو چرخ علم پہ مثل مہ منور ہے
بلامبالغہ وہ سرفراز صفدر ہے

شریعت اور طریقت میں حق کا مظہر ہے
پہاڑ علم کا، عرفان کا سمندر ہے

یقیں ہے مجھ کو کہ میری کریں گے سب تائید
جو کہہ دوں آج کا وہ کاشمیری انورؒ ہے

محدث اور مفسر، فقیہ اور دانا
سراپا علم وعمل، زہد کا وہ پیکر ہے

گواہ اس کی ہیں تحریریں اس کی تقریریں
وہ بے مثال سخن دان ہے، سخن ور ہے

ہوں اس کے وصف بیاں کس طرح سے گیلانی
بس اتنا کافی ہے کہہ دوں وہ میرا رہبر ہے

(سید سلمان گیلانی)



© rasailojaraid.com